اصلاح معاشرہ میں اہم کردار ادا کیا۔ حضرت تھانویؒ نے قلم کے ساتھ ساتھ تصوف کے ذریعہ اصلاحِ معاشرہ کی خدمت انجام دی۔ اہلِ نظر نے انہیں کس انداز سے دیکھا۔؟ یہی زیرِ نظر کتاب کا موضوع ہے۔ آغاز میں مولانا مفتی محمد شفیع مرحوم اور مفتی رشید احمد صاحب کی تقاریظ ہیں۔ مفتی صاحب مرحوم نے کتاب کے بارے میں لکھا ہے کہ :

"سرسری نظر میں تو یہ رسالہ ایک بزرگ کے مناقب کا مجموعہ ہے ------- لیکن درحقیقت اس مختصر رسالہ میں حضرت حکیم الامت کی اہم تعلیمات اور خصوصیات کا ایسا مجموعہ جمع ہوگیا ہے کہ وہ ہر طالب دین کے لئے حرزِ جان بنانے کے قابل ہے۔"

بریلوی فتنہ کا نیا روپ | مؤلف : مولانا محمد عارف سنبھلی۔ ناشر : ادارۂ اسلامیات ۱۹۰ انارکلی لاہور —— بریلوی گروہ کے ایک قلم کار جناب ارشد القادری صاحب نے چند سال پہلے "زلزلہ" نامی ایک کتاب لکھی اور ایک بار پھر اُمتِ مسلم کے اتحاد و اتفاق کو پارہ پارہ کیا۔ بریلوی حضرات اپنے روحانی بزرگ احمد رضا خان صاحب کی طرح اپنی صلاحیتیں مسلمانوں کی تکفیر و تفسیق میں ضائع کر رہے ہیں۔ دین کی خدمت کے بیشمار راستے کھلے ہیں۔ قرآن و حدیث کی خدمت کی جا سکتی ہے۔ اسلامی تاریخ پر کام ہو سکتا ہے مسلمانوں کے تمدن و معاشرت پہ لکھا جا سکتا ہے۔ غیر مسلم مستشرقین کے الزامات کا جواب دیا جا سکتا ہے۔ غرضیکہ سینکڑوں موضوع ایسے ہیں جو ان حضرات کو دعوتِ غور و فکر دیتے ہیں۔ حیرت ہے کہ اس طرف توجہ نہیں دی جاتی اور جو لوگ یہ کام کر رہے ہیں اُن پہ کیچڑ اچھالا جاتا ہے۔

ان دین کے خادموں کو اپنے کام سے ہٹ کر ارشد صاحب جیسے لوگوں کا الزامات و اعتراضات کا جواب بھی دینا پڑتا ہے۔ زیرِ نظر کتاب اسی "زلزلہ" کے جواب میں لکھی گئی ہے۔ مؤلف کو مولانا محمد منظور نعمانی کی سرپرستی حاصل رہی ہے۔ جواب کے علاوہ ضمیمہ میں "بریلوی مکتبِ فکر" کی تاریخ پہ اجمالی نظر ڈالی گئی ہے۔ جس سے اس گروہ کی حقیقت معلوم ہوتی ہے۔

پی سی ٹی
پرزہ جات سائیکل
پاکستان میں سب سے اعلیٰ اور معیاری
مارکہ
بٹ سائیکل سٹورز - نیلا گنبد - لاہور
فون نمبر 65309